سوال

(477) رافضی کی اذان کا جواب دینا

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

لاہور سے ابو عکاشہ دریافت کرتے ہیں کہ جب رافضی مؤذن علی ولی اللہ وصی رسول اللہ وخلیفۃ بلافصل کہے تو کیا اہل سنت سامعین کو یہ سن کر لعنۃ اللہ علی الکاذبین کہنا درست ہے یا نہیں نیز ایک رافضی کا جنازہ اہل سنت امام نے پڑھایا ہے ہمارے ہاں مشہور ہے کہ اس کا نکاح ٹوٹ گیا یا اسے اپنی بیوی سے دوبارہ نکاح کرنا ہوگا کیا یہ صحیح ہے ؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

روافض دراصل یہود مجوس کی مشترکہ سازش کی پیداوار ہیں انہوں نے عقائد ونظریات اور عبادات ومعاملات کے متعلق ایک ایسا متوازی دین قائم رکھا ہے جو دین اسلام کے بالکل متصادم ہے اذان میں علی ولی اللہ وصی رسول اللہ خلیفۃ بلافصل جیسے کلمات کا اضافہ ان کے ہاں رائج متوازی دین کی ایک مثال ہے یہ اضافہ خلاف اسلام ہے بلکہ صحابہ کرام رضوان اللہ عنہم اجمعین بالخصوص خلیفۃ راشد سیدنا ابو بکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے خلاف بغض وعداوت کی ایک بدترین مثال ہے ایمانی غیرت کا تقاضا یہی ہے کہ اس طرح کے جھوٹ پر مبنی کلمات سن کر لعنۃ اللہ علی الکاذبین کہا جائے انسان کو حق پرستی کے جوش میں مخاطب کو اندھا بہرا کردینے والی بات نہیں کہنا چاہیے مبادا وہ بھی بدزبانی پر اتر آئے اور وحی الہیٰ کے اولین مخاطبین اور اصل حاملین اسلام کے متعلق یا وہ گوئی شروع کردے قرآن کریم میں اس قسم کا انداز اختیار کرنے سے منع فرمایا ہے ارشاد باری تعالیٰ ہے اللہ کے سوا یہ مشرکین جن کو پکارتے ہیں تم انہیں گالی نہ دو کہ (اس کے نتیجہ میں) وہ تجاوز کرکے جہالت کی وجہ سے وہ اللہ کو گالیاں دیں گے ۔ (6/الانعام :109)

صورت مسئولہ میں اگر اس قسم کے جھوٹے کلمات سننے والا اکیلا ہے یا چند ایک ہم ذہن ہیں تو اس لعنت کا برملا اظہار کیا جا سکتا ہے لیکن اگر مخاطب سامنے ہے تو دل میں کہہ دیا جائے تاکہ وہ ہمارے اکابر کے متعلق بدزبانی نہ کریں اگر کسی اہل سنت امام نے اپنی لاعلمی کی وجہ سے رافضی کی نماز جنازہ پڑھائی ہے تو اسے معذور تصور کیا جائے اور اگر دانستہ طور پر ایسا کام کیا ہے تو وہ بہت بڑے جرم کا مرتکب ہوا ہے افہام وتفہیم کے ذریعے اس جرم کی سنگینی کا اسے احساس دلایا جائے ہنگامہ درست نہیں اور نہ ہی ایسا کرنے سے نکاح ٹوٹتا ہے اگر امام کو اس فعل پر کوئی ندامت نہ ہو بلکہ وہ اپنے فعل کے صحیح ہونے پر اصرار کرتا ہے تو ایسے امام کو امامت سے معزول کردیا جائے کیوں کہ در پردہ روافض کا حمایتی ہے اللہ تعالیٰ ہمارے دل میں صحابہ کرام رضوان اللہ عنہم اجمعین کی محبت پیدا فرمائے اور ان کی عزت وناموس کے دفاع کی توفیق دے (واللہ اعلم)

ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

جلد:1 صفحہ:478